اخبار الوفاق

امین اللہ

صدر اور ناظم اعلیٰ وفاق کی قومی سیرت النبی کانفرنس میں شرکت:

۱۲، ربیع الاول ۱۴۲۸ھ کو وفاق المدارس کے صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم العالی اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے وزارت مذہبی امور کی دعوت پر اسلام آباد میں منعقدہ قومی سیرۃ النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کانفرنس میں شرکت فرمائی اور کانفرنس کے مندوبین سے ملاقات اور عالم اسلام کو درپیش مسائل پر ان سے تبادلہ خیال کیا، نیز اسلام آباد کی تازہ ترین صورت حال پر مقامی علماء کرام سے مشاورت فرمائی۔

زعماء وفاق کی "اسلام کا نظام اعتدال کانفرنس پشاور" میں شرکت:

۲۸، ربیع الاوّل ۱۴۲۸ھ کو صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب، نائب صدر وفاق حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب، رکن عاملہ وفاق حضرت مولانا حسن جان صاحب، ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب اور ناظم وفاق حضرت مولانا انوارالحق صاحب دامت برکاتہم نے جمعیت علما اسلام کے زیر اہتمام پشاور میں منعقدہ اجتماع "اسلام کا نظام اعتدال کانفرنس" میں شرکت فرمائی اور داخلی امن وامان کی تشویش ناک صورت حال خصوصاً قبائلی علاقوں اور اسلام آباد میں پیش آنے والے حالات وواقعات پر اظہار خیال فرمایا اور اس سلسلے میں وفاق المدارس کا مؤقف پیش کیا۔

حضرت مولانا زاہد الراشدی صاحب کی بطور عاملہ نامزدگی:

وفاق المدارس کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم العالی نے معروف عالم دین، دانشور اور جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا زاہد الراشدی صاحب دامت برکاتہم کو وفاق المدارس کی مجلسِ عاملہ کا رکن نامزد کیا ہے۔

اجلاس عاملہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان:

۲۹ ربیع الاول یکم ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ بمطابق ۱۸، ۱۹ اپریل ۲۰۰۷ء وفاق المدارس العربیہ کی مجلسِ عاملہ کا دوروزہ اجلاس مرکزی دفتر وفاق المدارس ملتان، میں منعقد ہوا۔ جس میں اکابرین وفاق نے شرکت کی اور مختلف امور زیر بحث آئے اور متعدد فیصلے بھی کیے گئے۔ اجلاس دوروز تک جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوا۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے استقبالیے میں صدر اور ناظم اعلیٰ وفاق کی شرکت اور خطاب:

۱۰ ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ کو وفاق المدارس کے صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب اور ناظم اعلیٰ حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے وزیراعلیٰ پنجاب جناب چوہدری پرویز الٰہی صاحب کی طرف سے جامعہ اشرفیہ کی ساٹھ سالہ تقریبات کے موقع پر آئے ہوئے ملکی وغیر ملکی مہمانوں کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیے میں شرکت فرمائی اور حاضرین سے خطاب کیا۔ ناظمِ اعلیٰ وفاق نے اس موقع پر دینی مدارس کی ہمہ گیر اور ہمہ جہت خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور دینی مدارس کو درپیش چیلنجز اور مسائل کا ذکر کیا۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کی طرف سے مدارس دینیہ کے سلسلے میں بھرپور تعاون کو سراہا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے بھی اپنے خطاب میں وفاق المدارس کی خدمات اور اس کا معاشرے میں بلند آہنگ کردار کا اعتراف کرتے ہوئے، وفاق کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی، قیامِ امن اور دینی علوم کی اشاعت وحفاظت میں مدارس کے کردار کو سراہا۔

صدر اور ناظم اعلیٰ وفاق کی جامعہ اشرفیہ کی ''ساٹھ سالہ تقریبات'' میں شرکت

۱۰ ربیع الثانی کو صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم العالی اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے جامعہ اشرفیہ کی ساٹھ سالہ تقریبات میں شرکت کی اور ہر دو حضرات نے اجتماع سے اپنے اپنے خطاب میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے دینی مدارس کے تحفظ اور ان کے درمیان یک جہتی کے لیے کی گئی کوششوں اور دیگر مختلف امور کا تذکرہ فرمایا۔

دوروزہ حج سیمینار، منعقدہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ، بنوری، ٹاؤن کراچی:

۱۳، ۱۴ ربیع الثانی کو وفاق المدارس کے صدر اور ناظم اعلیٰ دامت برکاتہم نے نائب صدر وفاق حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ کی دعوت پر دوروزہ حج سیمینار، منعقدہ جامعہ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی میں شرکت کی، جس میں پاکستان بھر سے علماء کرام اور مفتیان عظام اور دیگر اہم شخصیات کے علاوہ بیرونی ممالک سعودی عرب، جنوبی افریقہ اور بنگلہ دیش کے مفتیان کرام بھی مدعو تھے۔ سیمینار میں حج کے مختلف اہم مسائل اور امور پر علماو مفتیان کرام نے اظہار خیال فرمایا۔

''شہداء اسلام کانفرنس'' کوئٹہ:

۱۵ ربیع الثانی، وفاق المدارس العربیہ اور جمعیت علما اسلام بلوچستان کی دعوت پر وفاق المدارس کے صدر اور ناظم اعلیٰ دامت برکاتہم نے کوئٹہ میں منعقدہ ''شہداء اسلام کانفرنس'' جس کی صدارت، صدر وفاق نے کی، میں شرکت فرمائی اور خطاب بھی فرمایا۔

☆☆☆